DAILY DUNYA KARACHI www.dunya.com.pk
روزنامہ دنیا کراچی
بانی ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود
Wednesday June 01, 2016
بدھ 24 شعبان المعظم 1437ھ یکم جون 2016ء

رواں سال 61 ارب وصولی کا ہدف حاصل کر لینگے، ایس آر بی

روزگار اور ترقیاتی کاموں کی صورت میں فوائد عوام تک پہنچائینگے، قائم علی شاہ

وزیراعلیٰ سندھ کی دوران اجلاس وزیر خزانہ اور ریونیو بورڈ کے حکام کو مبارکباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ریونیو بورڈ (ایس آر بی) نے 30 مئی 2016 تک 55 ارب روپے کی وصولی کر لی ہے اور رواں مالی سال کے اختتام تک 61 ارب روپے کی وصولی کا ہدف حاصل کر لیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار منگل کو وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ کی زیر صدارت آئندہ بجٹ کے حوالے سے وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ اجلاس کے دوران کیا گیا۔ اجلاس میں سینئر صوبائی وزیر برائے خزانہ و انرجی سید مراد علی شاہ، چیف سیکریٹری سندھ محمد صدیق میمن، وزیراعلیٰ سندھ کے پرنسپل سیکریٹری علم الدین بلو، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو رضوان میمن، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ڈیولپمنٹ محمد وسیم، سیکریٹری خزانہ سہیل راجپوت، سیکریٹری ایکسائز عبدالحلیم شیخ، ممبر بورڈ آف ریونیو ذوالفقار شاہ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سندھ ریونیو بورڈ نے بہت ہی اچھی ریکوری کی ہے اور ہم روزگار کے نئے مواقع اور ترقیاتی کاموں کی صورت میں اس کلیکشن کے فوائد صوبے کے عوام تک پہنچائیں گے۔ اس پر وزیراعلیٰ سندھ نے ریونیو بورڈ اور وزیر خزانہ کو ٹارگٹ حاصل کرنے پر مبارکباد دی۔